باب 14


# عملی جیومیٹری

# (Practical Geometry)

## 14.1 تعارف (Introduction)

ہم بہت سی جانی پہچانی شکلیں دیکھتے ہیں۔بہت سی تصاویر بھی بناتے ہیں۔ان تصاویر میں مختلف شکلیں بھی شامل ہوتی ہیں۔پچھلے ابواب میں ہم نے ان میں سے کچھ اشکال کے بارے میں پڑھا بھی ہے۔آپ ایسی کچھ شکلوں کی فہرست کیوں نہیں بنالیتے جن کو آپ جانتے ہیں اوراس کے ساتھ ساتھ یہ بھی کہ یہ کیسی لگتی ہیں؟

اس سبق میں ہم ان اشکال کو بنانا سیکھیں گے۔ان شکلوں کو بنانے کے لیے ہمیں کچھ تو آلات (Instruments) استعمال کرنے ہوں گے۔آیئے ان کو دیکھتے ہیں اور ان کے نام اور استعمال سے بھی واقفیت حاصل کرتے ہیں۔

| نمبر شمار | نام | بیان | استعمال |
|---|---|---|---|
| 1۔ | پیمانہ (اسکیل)  | ویسے تو تصوراتی طور پر پیمانہ پر کوئی نشان نہیں لگاہوتا مگر آپ کے جیومیٹری باکس میں جو پیمانہ ہے اس کے ایک کنارے پرسینٹی میٹر کے نشان لگے ہوتے ہیں اور کبھی کبھی دوسرے کنارے پر انچ کے نشان لگے ہوتے ہیں۔ | قطعہ خط بنانے اور ان کی لمبائی ناپنے کے لیے |

© NCERT not to be republished